

# کافور



پی ڈی ایف میکر حکیم قیوم خان



چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد

علم سنیاس وکشتہ سازی گروپ




بسم الله الرحمن الرحيم





علم سنیاس و کشتہ سازی گروپ



حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی





# چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی

## ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی


## ڈاکٹر سید ایم۔این۔اے کاظمی

## حکیم سید اعجاز حسین

## حکیم خضر عباس

## صلاح الدین منصوری انڈیا

## حکیم عبدالمتین



## ڈاکٹر حکیم عبدالسلام فرام جوہر

## حکیم قیوم خان

## ڈاکٹر حکیم محمد شاہد ریاض جوہر آبادی

# بسم اللہ الرحمن الرحیم

ٹوپک

# کافور




## کافور قائم النار

روغن کافور قائم النار

کافور پر ماہرین کے تجربات مشاہدہ

بیان فرمائیں

اپنے اپنے تجربات مشاہدہ طریقہ استعمال

مقدار خوراک

فوائد پر تفصیل سے روشنی ڈالیں

تمام اطباء واستاذہ کرام اپنا تجربہ بیاں فرمائیں

نوٹ تمام قابل قدر ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ گروپ رولز کو فالو کریں دوران ٹاپک دیگر کسی قسم کی گفتگو وڈیو شیئرنگ سے اجتناب کریں

ایک دوسرے کے ساتھ پیار محبت وشفقت سے پیش آئیں

ایک دوسرے کا ادب واحترام کریں

ٹاپک سے ہٹ کر کوئی پوسٹ یا گفتگو سے گریز کریں

بہت بہت شکریہ

## منجانب گروپ ایڈمنز



## علم سنیاس وکشتہ سازی

# کافور



مشک کافور

**Camphor**

لاطینی میں

**Camphora Officinalis**

## دیگر نام

عربی میں کافور

فارسی میں کاپور

ہندی میں کپور

کہتے ہیں

## ماہیت

اس کے درخت کئی قسم کے ہوتے ہیں لیکن ان درختوں میں یہ چیز خاص ہے کہ ان کے باہر جڑ مثلاً پتے چھال اور لکڑی وغیرہ سے کافور کی خوشبو آتی ہے اس کا درخت شیشم کے درخت کے مشابہ ہوتے ہیں کافور کا درخت قد آور یعنی 35یا36 میٹر تک بلند ہوتا ہے چھال شیشم کی طرح اوپر سے نیچے تک درازیں سی معلوم ہوتی ہے پتے شیشم کے پتوں کے ہم شکل قدرے بڑے ہوتے ہیں ان پتوں کو مسلنے پر کافور جیسی بو آتی ہے

## مشک کافور

کافور کی چھوٹی مربع ٹکیاں یا باقاعدہ ڈالیاں ہوتی ہیں جن کی رنگت سفید شفاف اور بو تیز ہوتی ہے ان کا ذائقہ کسی قدر تلخ و تیز ہوتا ہے جس سے ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے کافور ہوا میں رکھنے سے بہت جلد اڑ جاتا ہے

مصنوعی کافور روغن تارپین اور نمک سے بنایا جاتا ہے معمولی حرارت پر اڑ جاتا ہے اس لئے کافور کے ہمراہ کالی مرچ رکھتے ہیں اگر جلایا جائے تو تمام جل جاتا ہے میرے خیال میں مشک کافور مصنوعی طور پر ہی تیار کیا جاتا ہے

مقام پیدائش

جاپان چین اور خاص جگھوں پر ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے

## مزاج

سرد خشک۔۔ درجہ سوم۔

## افعال بیرونی

دافع تعفن، مالش کرنے سے ابتدا محرک اور محمر بعد میں مبرد مخدر مسکن

## افعال اندرونی

مفرح مقوی قلب دافع بخار قابض معرق دافع تشنج اعصاب مقوی معدہ وکاسر ریاح تریاق ہیضہ

## استعمال بیرونی

کافور کو مختلف روغنوں میں حل کر کے درد کمر وجع المفاصل ذات الجنب اور ذات الریہ وغیرہ میں مالش کرتے ہیں یہ بات یاد رکھیں کہ بام وغیرہ میں کافور عام استعمال ہوتا ہے اور بعض امراض جلدیہ میں ان کی حدت اور سوزش کو تسکین دینے کے لئے مناسب ادویہ کے ہمراہ لگاتے ہیں درد دندان کو دور کرنے کیلیئے ماؤف دانت پر رکھ کر دبا لیتے ہیں جس سے دانت کے درد کو فائدہ ہوتا ہے قلاع الفم میں بحر الفم کو زائل کرنے کیلیئے پانی کے ہمراہ یا کسی مناسب دواء میں ملا کر کھلاتے ہیں نکسیر کو بند کرنے کیلیئے بھی آب کشنیز سبز میں حل کر کے ناک میں قطور کرتے ہیں درد گوش کو تسکین دینے کیلیئے آب کشنیز سبز میں حل کر کے کان میں ٹپکاتے ہیں آنکھ کی سوزش کو دور کرنے اور آنکھ کو مرض چیچک سے محفوظ رکھنے کیلیئے سرمہ کے ہمراہ آب مزکورہ میں حل کر کے قطور کرتے ہیں ہندو لوگ مندروں میں صندل یا سندور کے ساتھ رگڑ کر ماتھے پر لگاتے ہیں

## پرکلی پوڈر کا نسخہ

زنک بورک اور سٹارچ کے سفوف میں ذرا سا کافور ملا اور گرمی دانوں پر چھڑکتے ہیں

گندہ دہنی کو دور کرنے کیلیئے چاک کا سنون کو فوری اکثر استعمال کرتے ہیں مرہم سفیدہ میں کافور ملا کر اعضائے تناسل کی سوزشی پھنسیوں پر لگانے سے خارش میں تخفیف ہو جاتی ہے

## استعمال اندرونی

مقوی معدہ ہونے کی وجہ سے نفع شکم ہیضہ صفراوی ودموی اسہال میں کھلاتے ہیں حابس اور مبرد ہونے کی وجہ سے تپ دق پرانی کھانسی اور دموی بخاروں میں کھلاتے ہیں مفرح اور مبرد ہونے کی وجہ سے مقوی قلب ہے مبرد ہونے کی وجہ سے شہوت کی زیادتی کو روکنے کیلئے کھلاتے ہیں پیاس وسوزش جگر کو تسکین دیتا ہے دستوں کو روکتا ہے مخدر ہونے کی وجہ سے نیند آور ہے ایک رتی کافور افیون گولی بناکر سوتے وقت کھلانے سے احتلام نہیں ہوتا ہے اس طرح کافور اجوائن خراسانی ملاکر دینے سے ذکاوت حس اور جریان ختم ہو جاتا ہے

## نفع خاص

مفرح تپ دق

## مضر

باہ سرد مزاج اور سنگ گردہ

مصلح

مشک عنبر گلقند جند بید ستر روغن سوسن رائی

## بدل

طباشیر وصندل

ارشاد باری تعالیٰ اور کافور

نیکی کرنے والے برگزیدہ بندوں کے لئے مشروبات ایسے گلاسوں میں پیش کئے جائیں گے جن میں کافور کی مہک ہوگی کافور ایک ایشا چشمہ ہے کہ اس سے صرف وہی لوگ پینگے جو اللہ کے خاص بندے ہوں گے

## احادیث

میں کافور کا ذکر صرف میت کے غسل اور کفن دینے کے سلسہ میں آتا ہے

سمی اثرات یا زہریلی علامات کافور کی

اگرچہ کافور سے سمیت شاذونادر ہی ہوتی ہیں تاہم اس کو زیادہ مقدار میں کھالینے سے سر چکراتا ہے جلد ٹھنڈی اور چیچپی ہوتی ہے آخر کار غفلت کی حالت میں موت واقع ہوجاتی ہے ایسی حالت میں رائی کا سفوف دے کرتے کرائیں اور بہت سا پانی پلائیں یا کوئی نمکین جلاب دیں جسم کو گرم کرنے کیلیے پانی کی بوتلیں رانوں اور بغلوں میں رکھیں اور مریض کو گرم کمبل اڑھائیں

## مقدار خوراک

ایک سے تین رتی تک

مشہور مرکب

قرص طباشیر

کافوری

عرق عجیب یا امرت دارھا

قرص سرطان کافوری

نوٹ کافور کو اندرونی طور پر استعمال کرنے کے لئے مدبر کرنا ضروری ہے

50 گرام ملٹھی کو باریک کر کے ایک آہنی توے پر بچھادیں اس پر 30 سے 50 گرام کافور رکھ کر اوپر پیالہ دے کر سائڈوں کو آٹے سے بند کر کے 30 سے 45 منٹ تک جوھر کشید کریں بعد از اس جوھر کو بطور دوا استعمال کریں

عبدالکریم آزاد

## بلغمی مزاج وامراض کے لئے مفید ہے

کافور 100 گرام

سم الفار دودھیا 10 گرام

کڑاہی لوہے کی

ترتیب

کافور باریک پیس لیں

50 گرام کافور بچھا کر سمالفار کی ڈلی کافور رر کھیں باقی 60 گرام اور ڈال دیں کافرو کے درمیان رکھیں

اوپر سے ڈھکر موٹا کپڑا 4 تہہ رکھیں

ہلکی آنچ رکڑاہی رکھیں

منہ کڑاہی کا آسچھی طرح بند ہو

دوا کا دھواں باہر نہ نکلے

کپڑا مسلسل تر رکھیں پورا ایک گھنٹہ آگ دیں

آگ بند کریں اور ٹھنڈا ہونے پر اژتیاط سے ڈھکن علیحدہ کریں۔ جو ڈھکن کیساتھ لگا ہوا سے اسحتیاط سے علیحدہ کریں

اور پخہ ہ کھرل میں ادھا گھنٹہ صلاحیہ کریں

شیسے کی شیشی میں بند کر کے ریت میں دفن کریں ہلکا پانی کا چھڑکاو صبح کریں

22 دن بعد استعمسل میں لائیں

## خوراک

1 چاول مکھن غلاف کر کے کھلائیں۔

## فائدے

مصفیٔ خون ہے

بلغمی مزاج و امراض کے لئے مفید ہے

سرعت انزال گرمی سردی میں مفید

اعصاب طاقت

مقوی معدہ



رطوبت فاسدہ کا قاطع ہے

امساک طبعئیی ہے

پرہیز کھٹی اشیاء و فروٹ سے سخت ہے

ماش کی دال بکرے کے گوشت کے ساتھ

مونگ مسور کی مکس دال کدو ٹینڈے کھلائیں۔

حکیم سلطانی

# کافور قائم النار

یے نسخہ پہلے بھی مختلف گروپس میں شیئر کیا جاچکا ہے

البتہ جس نظریہ کی بناپر اس نسخہ کو ترتیب دے کر ایجاد کیا تھا اس کے مقصد سے لوگ ناواقف تھے اس کی مین وجہ ہم میں طبی تحقیق کا فقدان ہے

لہذا آج دوبارہ اس نسخہ کی تفصیل اور ایجاد کے مقاصد سے احباب کو آگہا کیا جاتا ہے

جو لوگ تحقیقات کے فن سے واقف ہیں وہ اس کے رموز سے بھی واقف ہوں گے ایسے نسخہ جات انتھک کی محنت کے بعد ملتے ہیں لیکن ہم آپ کو ایسے مخفی نسخہ جات بغیر کسی لالچ کے پیش کر رہے ہیں تا کہ بخل کا بُت ٹوٹتا رہے اور علم عام ہوتا رہے

کیمیاء کے میدان میں تجربہ شدہ نسخہ جات کم دیئے جاتے ہیں صرف سنے سنائے نسخہ جات پوسٹ کیئے جاتے ہیں ان پر جب کوئی دوست عمل کرتا ہے تو وہ مکمل نہیں ہوتا

بغیر تجربہ کے نسخہ جات شیئر کر کے لوگوں کے لئے جانی ومالی نقصان کا سبب بنتے ہیں

رب پاک ہم سب کو ہدایت عطا فرمائے

آج ہم آپ احباب سے اپنا ذاتی تحقیقات پر مبنی تجربہ شیئر کرتے ہیں

اس ریسرچ کا مقصد یہ تھا کہ قدیم زمانہ میں خاص طور پر مصر کے لوگ اپنے پیاروں کی لاشوں کو حنوط کر کے طویل عرصہ تک محفوظ کیا کرتے تھے اسی نظریہ کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم نے اس نسخہ کو ترتیب دیا جس کا مقصد جسم کو حنوط کے ساتھ ساتھ چوٹ زخم کی وجہ سے اعضاء کو سڑنے خراب ہونے کیڑے پڑنے اور دیگر مہلک جراثیموں سے محفوظ بنانا تھا

اس نسخہ کو بار بار شیئر کرنے کے باوجود لوگ نسخہ کی اصل رمز سے ناواقف ہی رہے

اس نسخہ کا حنوط کے طور پر استعمال ہم نے گوشت کے ٹکڑے کو تیار محلول سے لت پت کر کے چینی کے دو پیالوں میں عرصہ 4 ماہ تک مدفن کر دیا بعد از نکال کر جائزہ و مشاہدہ کیا تو تمام گوشت اپنی درست حالت میں موجود تھا جس میں کسی قسم کا کوئی کیڑا یا بدبوء وغیرہ نہیں تھی اس کے علاوہ اس تیار محلول کو بطور بام بھی استعمال کیا سر درد موچ کمر درد جوڑ درد وغیرہ میں بھی حیران کن رزلٹ ملے

احباب من گرامی یہ تھی اس نسخہ کی مختصر تفصیل

اب آتے ہیں نسخہ کی جانب

## ترکیب و تیاری

کافور قائم کرنے کی

کافور عمدہ 30 گرام

لوبان 250 گرام

## لوبان کا عرق کشید کرنا

ایک عدد روغنی ہانڈی اس کے بیچ میں بیرنگ یا پتھر کا ٹکڑا رکھ کر اس کے اور چینی کا پیالہ رکھیں ہانڈی کے سائیڈوں پر باریک کیا ہوا رکھ کر ہانڈی کے منہ پر کوئی پتیلہ دیگچی رکھ کر سائیڈوں کو آٹے سے بند کر کے کچھ دیر خشک ہونے دیں بعد اس کو آگ پر رکھیں اور والی دیگچی میں پانی

بھر دیں جب اوپر والا پانی گرم ہو تو احتیاط سے پانی کسی گلاس مگہ سے نکال کر تبدیل کریں اور نیا ٹھنڈا پانی ڈالیں اس طرح

7 بار پانی کو تبدیل کریں آگ بند کریں بعد از سرد ہونے پر دیگچی کو کھولیں پیالہ میں سرخ روغن لوبان ملے گا اس میں

30 گرام باریک کیا ہوا کافور ڈالیں تا کہ عرق ٹھنڈا نہ ہو جائے چند ہی سیکنڈ میں عرق اور کافور میں ری ایکشن ہو گا کچھ ہی دیر میں کافور سرخ رنگ میں موم شہد کی طرح گاڑھا تیار ملے گا جو 98 فیصد قائم النار ہے اس میں ایک ایک فیصد لوبان اور کافور کی ملی جُلی بو باقی رہتی ہے اس کی بو بھی ماہر ہی معلوم کر سکتا ہے سمجھانے کا مقصد یہ کہ اس میں بو نا ہونے کے برابر ہے اس کافور کو ہلکی دھوپ یا گرمی لگے کی تو تیل روغن ہو جاتا ہے

خوراکی و پوشاکی اعمال کا حامل ہے

نوٹ عرق کشید کرتے وقت اوپر والا پانی کم سے کم

7 بار تبدیل کریں

گرم گرم عرق میں کافور مکس کرنا ہے

30 گرام سے زیادہ کافور ہرگز استعمال مت کریں

آپ کی دعاؤں کا طالب

عبدالکریم آزاد

# حب لاثانی

20 گرام کافور

20 گرام بہروزہ مدبر

10 گرام فلفل سیاہ

## ترکیب تیاری

تینوں اجزاء کا الگ الگ باریک سفوف بنا کر پھر کافور اور بہروزہ کو ملا کر کھرل کریں چند ہی منٹ بعد یے دونوں کھرل میں پیسٹ بن جائیں گے اب ان کو زوردار ہاتھوں سے مزید کھرل کریں تاکہ دونوں کی اچھی طرح آمیزش ہو جائے جب دونوں اچھی طرح مکس ہوں تو اس میں سفوف فلفل سیاہ تھوڑا تھوڑا شامل کر کے کھرل کرتے رہیں جب گولیاں بنانے قابل سمجھیں تب گولیاں فلفل سیاہ برابر بنالیں ہوا سے محفوظ جگہ پر رکھیں

## استعمال خوراک

ایک ایک گولی صبح شام دودھ یا پانی سے استعمال کریں

## فوائد

ذکاوت حس جریان احتلام سرعت انزال

پیشاب کی جلن سوزاک

کے لئے مفید ہے

عبدالکریم آزاد

## حکیم سعید عبدالغنی بخاری صاحب



کافور دس گرام

بیس گرام پوٹاشیم کلوریٹ

بیس گرام گنڈھک

گندھک اور پوٹاشیم کو الگ الگ باریک کرلیں اور اخبار پر مکس کرلیں

اس میں کافور رکھ کر کھلی جگہ پر چولہے پر رکھ دیں

ایک شعلہ کے ساتھ سب کچھ جل جائے گا نیچے کافور سفید قائم پڑا ہو گا

اب شورہ تیزاب ٹھنڈا 250 گرام لیں اس میں یہ کافور ڈال دیں اور اس میں 10 گرام فاس

کے ناخن ڈال دیں

اور بالو جنتر کر کے تیزاب اُڑا دیں

کافور اور فاس مل کر موم ہوں گے

اب اس سے الماس و حجریات کشتہ کریں

یاپارہ نقرہ میں ٹھوڑاسال ڈال کر آگ دیں برابر کشتہ ہو گا

## زخم کیلیۓ

نیلا تھو تھا اصلی 1تولہ

کافور10تولہ

دونوں کو خوب سحق کریں

دوا2 گرام لیں اور حسب ضرورت دہی میں خوب ملالیں

پنڈلی پر چنبل کو نیم گرم پانی سے دھولیں اور کھدر کا کھر کنے سے ذخم آرام سے ملیں

جب زخم کا کھرینڈ اتر جسیئے تو زخم کو تولیے سے سکائیں

اور مرہم ملا دہی اسپر آہستہ آہستہ لگائیں

زخم میں نیلا سراہیت کرۓ گا ابتدا میں جلن ہو گی پنکھے کی ہلکی ہوا میں زخم کا حصہ رکھیں

جب جلن بند ہو جائے تو

زخم کو پھٹکڑی ملے پانی سے دھو کر سو کھا کریں اصلی ناریل کا تیل لگائی۔

ہر روز یہ عمل کریں تاوقت کہ زخم ختم نہ ہو جائے خوراک میں دال مونگ مسور مکس اور جب افتیمونی صب دوپہر شام کھانا کھانے کہ بعد اعراطریفل شاہترہ دووقت کھانے سے پہلے تمام گوشت بادی اشیاء بند

شہد پانی میں ملا کر پیئیں

دعا کا طالب

شبیر سلطانی

## عضلاتی وقشری زہروں کا تریاق



(خشک اور گرم زہروں کا تریاق)

پوست ریٹھا 50 گرام

کافور 10 گرام

سرمہ سیاہ 10 گرام

عرق گلاب میں کھرل کر کے کالی مرچ برابر گولیاں بنالیں

مقدار خوراک: دو گولی صبح, دو پہر شام پانی یا دودھ سے

صفراوی اور خشکی کے امراض پر بہترین رزلٹ ہیں

حکیم قاری محمد عمر

## ہر قسم کی درد

ہر قسم کی درد چاہے جوڑ میں ہو یا پٹھے میں ہو ایک بار تیل لگائیں آرام ہو جائے گا مگر تین چار دن استعمال کریں روغن زیتون آدہ پاؤ روغن ببونہ آدہ پاؤ دونوں تیل ملا کر برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں جب خوب گرم ہو جائے اگ بند کر دیں اس میں **15** گرم کافور ڈالکر حل کر دیں شام کو درد والی جگہ مالش کر کے کپڑا باند دیں صبح درد میں سکون ہو جائے گا ٹھنڈے پانی سے پرہیز کریں

# مرہمِ نیم کافوری

کافور دو تولہ

روغنِ گاؤ دس تولہ

سہاگہ خام تین تولہ

مغزِ تخمِ نیم تین تولہ

مرداسنگ ایک تولہ

**ترکیب تیاری**

کسی صاف شیشی میں گھی ڈالکر تیز دھوپ میں رکھیں پھر جب خوب گرم ہو جائے تو کافور کا سفوف بنا کر اس تیل والی شیشی میں ڈالکر ڈھکن مضبوط بند کر کے دو دن کے لیے تیز دھوپ میں رکھ چھوڑیں جب کافور تیل میں حل ہو جائے تو پھر مغزِ نیم. مرداسنگ اور تنکار کا مثلِ غبار

سفوف اس میں شامل کرکے اس حدتک کھرل کریں کہ یکذات ویک رنگ مرکب مرہم نمابن جائے بس کسی کھلے منہ اور مضبوط ڈھکن والے ڈبے میں محفوظ رکھیں

## ترکیب استعمال

بوقتِ ضرورت قضائے حاجت سے فارغ ہوکر مقامِ ماؤف کو کسی روئی وغیرہ سے خشک کرکے صاف کرکے یہ مرہم مسوں پر تھوڑاسالگائیں اسیطرح دن میں دو تین بار لگائیں

## فوائد

یہ مرہم عرصہ دراز سے میرا معمولِ مطب ہے اس مرہم کے استعمال سے بواسیری جلن ودرد کا تڑپتاہوا مریض چند سیکنڈوں میں سکون پالیتاہے اور مسلسل استعمال سے بواسیری مسوں سے بغیر اپریشن نجات پالیتاہے. علاوہ ازیں یہ مرہم ہر قسم سخت اور نہ پھٹنے والے پھوڑوں کو جلد پکاکر پھاڑ دیتی ہے اور زخم کو جلد مندمل کرتی ہے

حکیم جمیل احمد پیر سباقی

## آنکھوں سے پانی بہنا اور خارش وجلن کی کے لئے لاجواب سرمہ

کافور ایک تولہ، نیلا تھوتھا چار رتی، مصری آدھا تولہ اور کالا سرمہ ذو تولہ۔

پہلے سرمہ کو سات دن گلاب کے پانی میں کھرل کریں پھر باقی چیزیں ڈال کر مزید ایک دن کھرل کریں۔ بلکل باریک پیس کر شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔

آنکھوں سے پانی بہنا اور خارش و جلن کی کے لئے لاجواب سرمہ تیار ہے۔ صبح شام دو دو سلائی آنکھوں میں ڈالیں۔ اور آنکھوں کو سکون پہنچانے۔

## موٹاپا کو بڑی تیزی سے کم کرتا ہے

کافور ڈلے والا پانچ تولہ

ایک برتن تانبہ کالیکر اس میں ڈھائی کلو دیسی مولی کدو کش کی ہوئی ڈال کر اوپر کافور ڈلی رکھیں اوپر ڈھائی کلو مولی کدو کش کی ہوئی ڈال کر نیچے درمیانی آگ 8 گھنٹہ جلائیں۔۔۔

تکرار عمل تین مرتبہ کریں ہر بار مولی 5 کلو لگائیں

اس کافور کے برابر وزن میٹھا تیل ملا کر تیز دھوپ میں رکھیں سب تیل ہو جائے گا

اپنی سمجھ سے کام لے سکتے

نوٹ

موٹاپا کو بڑی تیزی سے کم کرتا ہے

میاں عمیر رضا

## مخرج بلغم دافع بخار

احباب کی خدمت میں پیش ہے ذاتی ریسرچ جوھر گندھک مرکب

اہل فن اس کے تمام تر فوائد کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں

عموماً گندھک کے جوھر بڑی مشکل سے حاصل کیے جاتے ہیں آج ہم آپ کو ایسا طریقہ بتاتے ہیں جس کی بدولت جتنا مرضی جوھر گندھک حاصل کرنا چاہیں کر سکتے ہیں

250 گرام گندھک آملاسار

50 گرام لوبان کوڈیا

دونوں کو الگ الگ باریک پیس کر مکس کریں

روغنی ہانڈی میں میں بچھادیں کسی سلور یا لوہے کی کڑاہی سے منہ کو اس کا ڈھکن لگا کر کناروں کا گوندے ہوئے آٹا سے بند کریں جب آٹا خشک ہونے لگے تو اس کو ہلکی آگ پر رکھیں اور والی کڑاہی میں پانی ڈالیں جب پانی گرم ہو تو پانی تبدیل کر کے نیا پانی ڈالیں اس طرح 7 سے 8 پانی تبدیل کریں

احتیاط منہ کے کناروں کا خاص خیال رکھیں کہیں بھاپ وغیرہ خارج ہونے لگے تو آٹے سے بند کرتے رہیں

سرد ہونے پر نکالیں عمدہ قسم کا شاندار جوھر دیکھ کر دل باغ باغ ہو جائے گا

چاہیں تو اس کے 3 عمل کریں اکسیر جوھر گندھک مرکب تیار ہے پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال خوراک نصف رتی سے ایک رتی حسبِ برداشت مناسب بدرقہ سے دیں

## فوائد



مخرج بلغم دافع بخار

مخرج بلغم ہونے کی وجہ سے بلغمی کھانسی نزلہ زکام مفید ہے

پرانے سے پرانے زخم ناسور بھگندر

کینسر

بواسیر

پھسی پھوڑے داد چنبل

آتشک

مصفی خون ہے

سوزاک قرحہ

پس سیل

ایزوسپرمیا کی ادویات کا جزا عظم ہے

ناسور زخم خواہ کیڑے پڑگئے ہوں اس کو کسی بھی مرہم یا شہد گھی میں مکس کر کے زخم پر لگائیں چند روز میں خراب سے خراب زخم کے تمام جراثیموں کو نیست ونابود کرتا ہے

شہد کے ہمراہ دمہ کے لیے اکسیر ہے

نظام ہاضم کو درست کر کے بھوک بڑھاتا ہے

جسم کے تمام اعصاب کو تقویت بخشتا ہے

قوت باہ کے لیے انتہائی مفید ہے

ایزوسپر میا کی ادویات میں شامل کیا جائے تو انتہائی حیران کن رزلٹ ملتا ہے

سوداوی زہر سے پیدا ہونے والے تمام امراض کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے

فن کیمیاء کا اہم رکن ہے

عبدالکریم آزاد

## نسخہ مرہم کافوری

50 گرام کافور

25 گرام رتن جوت

10 گرام جوہر گندھک مرکب

100 گرام روغن کنجد

### ترکیب تیاری

روغن کے علاوہ سب کو الگ الگ باریک کر کے پھر سب کو مکس کریں بعد از ایک ایک قطرہ روغن کنجد شامل کر کے مکس کر کے پیسٹ بنا کر ہلکی آگ پر ریت جنتر پکائیں جب نیم گرم ہو جائے تو اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر اس میں

05 گرام کاربلک ایسڈ

01 گرام پنکی شامل کر کے

محفوظ رکھیں

**فوائد**

ہر قسم کے ناسور زخم

داد چنبل دھدر خارش پھنسی پھوڑے وغیرہ کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے

عبدالکریم آزاد

## کافور قائم النار

ایک پاو کنڑ وباریک پیس کر شیر مدار میں گوندھ کر اس کی دو ٹکی بنالیں درمیان میں پانچ تولا کافور رکھ کر لب ملا دیں کوزہ میں بند کر کے صرف منہ کو گل کریں خشک ہو جائے تو اسکو گڑھا کھود کر ایک من گھوڑے کی لید کی تازہ لید میں دبا دیں لید کو زمین کے برابر کر کے اسپر پانچ انچ مٹی کی

تہ کر دیں اس پر پانچ کلو کی آگ جلادیں تاکہ نیچے حدت پہنچ جائے چالیس دن بعد کوزہ نکالیں کافور قائم موم ہو گا

سمجھدار اس سے کام لینا جانتے ہیں۔

حکیم منظور احمد بلوچ

کنڑ وسندھی نام ہے

## دانت داڑھ درد میں فوری اثر کرتا ھے

کافور ایک گرام روغن لونگ دس گرام روغن تارپین پانچ گرام کافور ٹکی لے کر باریک پیس کر روغن میں اچھی طرح حل کر لیں تیار ھے دانت داڑھ درد میں فوری اثر کرتا ھے داڑھ کی کھوڑ میں روئی میں لگا کر رکھ دیں کیڑا ختم ھو کر سکون مل جائے گا مسوڑوں میں درد کی صورت میں ہلکا سا روئی پر لگا کر ملیں فوراً آرام ھو گا ان شاء اللہ آزمودہ ھے

حکیم دین محمد

## کافور کا جوہر

کافور 5 تولا عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر پھر مٹی کے توے پر ملٹھی کا باریک سفوف 5 تولا نیچے بچھا کر اور کافور رکھیں اوپر ایک چینی کا پیالہ دیکر سائیڈوں کو آٹے اور ریت سے بند کر کے پھر درمیانی آگ دیں پیالا کے اوپر گیلا کپڑا بار بار رکھتے رہیں تین گھنٹا بعد ٹھنڈا ہونے پر احتیاط سے پیالا نکالیں کافور کا جوہر ملے گا اس کے بعد کام میں لائیں

**نوٹ**

اس طرح لوبان گوگرو غیرہ سے کافور کو قائم النار بھی کیا جاتا ہے

عبدالکریم آزاد

## ہڑتال ورقیہ درمالکنگنی

السلام علیکم دوستو ایک نسخہ کی تصدیق کرنا چاہتا ہوں

ہڑتال ورقیہ درمالکنگنی

صاحب نسخہ

سید عبدالغنی شاہ صاحب

میرے ماموں کو لقوہ کا اٹیک ہوا میں انکو میرے پاس ورقیہ بنی ہوئی پڑی تھی انکو صرف اور صرف ورقیہ دی دو چاول صبح شہد کے ساتھ اور دو چاول شام کو شہد کے ساتھ ساتھ انکو شہد والا پانی بار بار پینے کو کہا

جو کا دلیہ مغز بادام اور کھجور ڈال کر کھانے کو کہا

دیسی مرغ کی یخنی سبز مرچ ڈال کر بنوا کر پینے کو کہا

الحمدللہ ورقیہ کی پہلی خوراک سے انکے چہرے کا کھچاؤ ختم ہو گیا

آج انکو پانچواں دن ہے غالباً شکر الحمدللہ وہ اسی فیصد تک ٹھیک ہو چکے ہیں منہ کا ٹیڑھا پن بھی تقریباً کافی حد تک ٹھیک ہو گیا۔

باقی دوا جاری ہے۔ دوستو ورقیہ درمالکنگنی اپنے مجربات میں شامل فرمالیں میں دل کے امراض پر اور اب لقوہ پر اسکے بہترین رزلٹ لے چکا ہوں جزاک اللہ

میاں عمیر رضا

# ہڑتال ورقیہ درمالکنگنی

ورقیہ تین سے پانچ تولہ تک

آدھا کلو مالکنگنی میں ہلکی آگ پر جلالیں

جب مالکنگنی جل جائے ورقیہ چرخ خوردہ باوزن نکال کر کھرل کرلین

ایک سے دو چاول ہمراہ شہد

امراض قلب پر بہترین رزلٹ ہیں

لقوہ اور فالج پر بھی بہترین رزلٹ کا حامل نسخہ ہے

سید عبدالغنی شاہ صاحب

تصدیق حکیم عمیر رضا

## فرج کی سوزش اور خارش کے لئے مجرب ہے

کافور 5 گرام

عرق گلاب 5 تولہ

فرج کی سوزش اور خارش کے لئے مجرب ہے کافور کو عرق میں اچھی طرح پیس کر فرج میں لگائیں

## چنبل، خشک خارش پر میرا مجرب ہے

کافور ایک تولہ

کاربالک ایسڈ چھ ماشہ

تارپین کا تیل تین تولہ

شیشے کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں. کافور حل ہو جاۓ گا

چنبل، خشک خارش پر میرا مجرب ہے

## مرہم خارش

گندھک آملہ سار مدبر۔۔2 تولہ

پھٹکڑی مدبر۔۔2 تولہ

کافور۔۔۔1 تولہ

نیلا تھوتھا مدبر۔۔1 تولہ

گیرو۔۔۔1 تولہ

ویزلین۔۔۔100 گرام

## ترکیب

گندھک پھٹکڑی نیلا۔۔باریک کر کے کڑاہی میں پگھلا کر خشک حالت میں لے آئیں اور اس کے دھویں سے ہر صورت خود کو محفوظ رکھیں۔۔ عمل کسی کھلی جگہ پہ کریں۔۔

جب سب مدبر ہو جائے تو نکال کر مانند میدہ کر کے بقیہ اجزاء بھی کھرل کر کے ویزلین میں مکس کر لیں۔

خارش۔۔داد۔۔ چنبل۔۔۔کے لیئے اکسیر صفت ہے۔

طبیب عامر باجوہ

چک جھمرہ فیصل آباد

# جلن کے لیئے

روغن تل۔۔۔۔۔200 گرام

پیاز۔۔۔۔۔ایک عدد بڑے سائز کا

کافور۔۔۔۔10 گرام

## ترکیب

پیاز اچھی طرح چھیل کر بالکل باریک کاٹ کر روغن تل میں اتنا جلائیں کہ پیاز سیاہ ہو جائے

پھر پن چھان کر کافور ملا کر کسی بوتل میں ڈال کر ایک دن رکھ دیں۔۔

بعد میں اچھی طرح بوتل کو ہلا دیں۔۔

کام میں لائیں۔

کسی دوا کے ری ایکشن کے زخموں کے لیئے بہت ہی اعلی قسم کی دوا ہے

جیسے مدار کا دودھ جسم کے حصوں پہ لگ جانے سے زخم جلن خارش ہوتی ہے۔ گندھک کی وجہ سے کوئی زخم ہو جائے تو نہایت اعلی تریاق ہے۔۔

طبیب عامر باجوہ

چک جھمرہ فیصل آباد

# ذکاوت حس

کافور۔۔۔6 گرام

گوند کیکر۔۔100گرام

موچرس۔۔۔۔50گرام

تخم بھنگ۔۔۔10گرام

کشنیز خشک۔10گرام

گرائنڈ کر کے 500ملی گرام والے کیپسول بھر لیں

1 کیپسول صبح شام بعد از طعام ہمراہ شربت انجبار

## مدت علاج

6دن

طبیب عامر باجوہ

چک جھمرہ فیصل آباد

## بواسیری مسوں کیلئے

کافور دس گرام

سہاگہ دس گرام

روغن ناریل بیس گرام

سہاگہ اور کافور کو اچھی طرح مثل غبار کر لیں

روغن ناریل میں ملا کر مناسب مقدار میں بواسیری مسوں پر لگائیں
درد. سوزش. جلن. وغیرہ دور ہوتے جائیں گے اور مسے بھی آہستہ آہستہ ختم ہو جائیں گے

## کافور قائم النار تجربہ شدہ

ایک تولہ کافور کو ایک پاو رس لیموں کا قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کریں رس لیموں ختم ہونے پر
کافور قائم النار بے بو موم بن جائے گا

حکیم ملک غلام محمد شاکر اچشریف بہاولپور

## کافور

روغن سونف
روغن الاچی خورد
ست اجوائن دیسی
ست پودینہ خانہ ساز
سب ہموزن لیکر ایک کھلے منہ والی کانچ کی بوتل میں ڈالکر منہ بند کر کے دوپہر کی سیدھی
دھوپ میں رکھیں۔
سب حل ہو کر روغن بن جائیں گے۔ روزانہ ایک گھنٹہ کھڑی دھوپ میں رکھیں

8 دن کے بعد استعمال میں لائیں۔

بد ہضمی سینے معدے کی جلن

سر درد

نزلہ زکام

میں مفید در مفید ہے

بہت نفیس اعلی شاھی امرت دھارا ہے۔ استعمال کریں دعائیں دیں۔

نسخہ بناتے وقت

اجزاء کی صفائی کا خیال رکھیں

اوزان پورے ہوں

اگر اصل جزنہ ملے تو بدل کو شامل کرلیں

معجون شربت خمیرہ کشتہ جات

سفوفات

حبوبات

کسی تجربہ کار استاد کی رہنمائی میں تیار کرنا سیکھیں

**تصدیق**

شکریہ شاہ صاحب یہ شاہی نسخہ میرے استاد حکیم تحسین الدین چوہان فرام جے پور مادھوپور والوں کا ہے

آپ حکیم سلیم اللہ خان کے شاگرد تھے

85 سال کی عمر میں مجھے انکی شاگردی میں رہنے کی سعودیہ ریاض میں سعادت نصیب ہوئی تھی۔

ہر دوا اپنے ہاتھوں سے بناتے تھے

شاگردوں پر سختی کرتے اور محنت پر زور دیتے

اپ عام آدمی کو نسخہ بتانے کے قائل نہ تھے

بلکے فرماتے تھے کہ مولانہ روم رحمت اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ علم قدر دانوں میں منتقل کرو

لعل ریشم کے دھاگے ملکاوں کے گلے میں

بادشاہوں کے تاجوں میں سجے ہیں۔

مونج کی رسی اور گدھے کے گلے میں نہیں سجتا۔

اگر کی رہنمائی کرنی ہی ہے تو اسکی عملی رہنمائی کرو

نفاست پسند تھے

فرماتے تھے صفائی میں خدائی ہے۔

برکت ہے

شفاءہے

دوا

یہ سوچکر بناو کہ یہ تمہیں بھی کھانی پڑے تو تمہیں کراہت نہ ہو۔

تخم ریان کے ای ایک بیج کو علیحدہ رکھتے تھے۔

اللہ پاک ایسے رہبر ہمیں نصیب کرئے آمین۔

آپکا بھائی

سلطانی فیصل آباد

## کافور قائم النار /رس لیمون والا

کافور قائم النار رس لیمون والا تو میں نے خوراکی طور پر تو استمال نہیں کیا، آگے ہم پانچ دھاتی کٹھالی بنا کر ڈھکنا بھی اسی کالوہا تانبا جست قلعی سکہ،، کٹھالی کے نیچے اور ڈھکنا پر ماشہ برابر لگا کر کپڑوزٹی کر کے ایک کلو بے دودھ اپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں پارہ قلعی کی طرح پگھلائو میں قائم النار ہوتا ہے

حکیم ملک غلام محمد شاکر اچشریف بہاولپور

# دانت درد کے لئے

کافور

لونگ

عقرقرحہ

ہم وزن کا سفوف بنا کر ایک رتی متاثرہ دانت پر لگانے سے فورً آرام ملتا ہے

عبدالکریم آزاد

# خواتین کے جہرے پر گرمی دانے

خواتین کے جہرے پر گرمی دانے جس میں زرد رنگ کی پیپ،ہحارش کرنے سے جلن درد محسوس ہو۔

اسکا علاج۔

آلو بخارا 10 گرام

املی خورد 10 گرام

گل نیلوفر 10 گرام

کشنیز خشک 10؛ گرام

برگ سناء مکی 10 گرام

گل گلاب 10 گرام

500 ملی لیٹر پانی ایک ابالا دلا کر راتکو اسمیں یہ دوائیں صاف کر کے ڈال کر ڈھک دیں

صبح مل کر ململ کے کپڑے میں چھان لیں اور نہار منہ پی لیں۔

کھانے میں دلیہ کدو ٹینڈے مونگ کی دال دیں

پرہیز تمام قسم گوشت مصالہ جات سے۔

8 دن ہر روز یہ مکمل نسخہ بنا کر تازہ پیئں۔

## بال چر کا حتمی علاج

لیں جی احباب کی نظر سنیاسی تحفہ۔نسخہ کام نہ کرے۔ہم ہر پلیٹ فارم پہ حاضر۔

بال چر کا حتمی علاج

اس کے ہوتے ہوئے آپ کو بال چر کے لیے فکر مند نہیں ہونا چاہے۔انڈیا کے حکماء کی خاص نظر کرتا ہوں

کافور ٹکی۔ایک عدد۔سیندور۔ایک تولہ روغن کنجد۔حسب ضرورت۔کافور کا باریک سفوف سفوف بنایئے۔سیندور میکس کریں۔روغن کنجد اتنا ساڈالیں کہ مرہم سی بن جائے۔بال چر کے مقام پر لگا دیا کریں۔کوئی بدل اس کا نہیں اثرات کے لحاظ سے

# جریان احتلام سرعت انزال کے لیے

ھوالشافی

کافور........30 گرام

سفید پیاز کا پانی 60 گرام

تیاری

پیاز کے پانی میں کافور کو کھرل کرلیں جب کافور اچھی طرح کھرل ہو جائے تو آپ کا نسخہ تیار ہے

استعمال وخوراک

چنا سفید برابر ہمراہ دودھ عصر کے وقت

فوائد

لیس دار قطرے آنا جریان احتلام سرعت انزال کے لیے مجرب و معمول مطب نسخہ

حکیم نوید حسین نظامی سیفی گجرات

# روغن برائے بواسیر

کافور ڈیڑھ تولہ

مردار سنگ ایک تولہ

شنگرف ایک تولہ

سندور ایک تولہ

روغن نیم ڈیڑھ تولہ

روغن ارنڈ دس تولہ

پہلے مردار سنگ اور شنگرف کو کھرل کر کے مکس کر لیں پھر سندور اور کافور ڈالکر تھوڑا کھرل کریں۔ پھر روغن نیم و روغن ارنڈ ڈالکر بزریعہ کھرل یک جان کر کے رکھ لیں۔

بواسیر۔ ناسور مقعد۔ خارش و کھجلی کے لئے لاجواب روغن ہے۔ صبح شام بعد از فراغت لگوائیں۔

## روغن درد دانت

کافور ایک تولہ

تارپین تیل دو تولہ

دونوں کو ملا کر رکھ لیں روئی کے پھایا پر دو تین قطرے ڈال کر دانت یا کھوڑ میں رکھیں پانی نکلنے پر تھوکتے رہے درد فوراً کم ہو گا

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# روغن بواسیر

کافور 10 گرام

روغن ارنڈی 100

کافور کو روغن میں اچھی طرح مکس کر لیں

آپ کا اکسیری روغن تیار ہے

بوسیری مسے،، درد جلن کو منٹوں میں دور کرتا ہے میرا معمول مطب نسخہ قضائے حاجت کے بعد لگائیں ان شاء اللہ شفاء ہو گی

حکیم محمد شعیب ندیم

# نسخہ مرہم خونی بواسیر

نسخہ میں کافور کا جز اعظم تو نہیں البتہ نسخہ میں کافور شامل ہونے کی وجہ سے گروپ کی زینت بناتے ہیں

10 گرام گندھک آملاسار

10 گرام گندھک ڈنڈا

20 گرام پارہ

10 گرام مرداسنگ

03 گرام کافور

## ترکیب تیاری

گندھک پارہ کی کجلی بناکر

باقی اجزاء کو باریک کرکے مکس کریں آخر میں کافور شامل کریں کچھ ہی دیر میں تمام اجزاء مومیہ نمی دار ہوں گے رنگ سیاہ اچھی طرح کھرل کرکے بوتل میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت

01 گرام تیار سفوف لیکر

میڈکل ہیڈ نسا کریم کی بیک سائڈ پیکنگ کھول کر اس میں شامل کرکے اچھی طرح مکس ہونے پر پیکنگ دوبارہ فولڈ کر دیں

بواسیر کے مریض کو دن میں ایک سے دوبار لگانے کو دیں

چندبار کے استعمال سے حیران کن رزلٹ ملے گا

عبدالکریم آزاد

## درد دانت۔ ماسخورہ

سپرٹ دس تولہ

ست پودینہ۔ دو گرام

ست اجوائن۔ دو گرام

کافور۔ دو گرام

لونگ۔ دو گرام

رتن جوت۔ دو گرام

نوشادر ٹھیکری۔ دو گرام

لونگ۔ رتن جوت۔ اور نوشادر کو باریک پیس کر باقی اجزا بھی سپرٹ میں ڈال دیں اور دھوپ میں دو گھنٹے رکھ دیں

دوای تیار

اگر ماسخورہ ہے تو مسوڑھوں پر روئی پر لگا کر آہستہ آہستہ لگائیں

اگر درد ہے تو کھوڑ میں رکھیں

**Hk abdul jabbar TT Singh**

## دوائے خارش

مغز بادام تلخ 5 تولہ

کافور 6 ماشہ

کھوپرے کا تیل 10 تولہ

ہرسہ کو اس قدر کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائے بعد محفوظ کرلیں بدن پر مالش کر کے دو تین گھنٹے بعد غسل کریں. خشک خارش کیلئے اسقدر موثر ہے کہ پہلے ہی دن مریض نصف آرام محسوس کریگا تین سے چار دن میں برسوں کی خارش ختم ہو گی

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

## مرہم زرد اضافہ شدہ

اسلام علکیم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ دوستوں کیسے ہیں آپ سب۔ اللہ پاک کا کرم ہو ہم سب پر. ایک نسخہ دے رہاہوں موسم کے حساب سے ایک نسخہ شیر کر رہاہوں ضرورت سارا سال رہتی ہے اس نسخہ کی. اہل علم سے گزراش ہے کہ اس نسخہ کو مزید بہتر کس طرح کیا جاسکتا ہے رہنماھی فرمادیں. آج کا نسخہ ہے مرھم زرد کا جو کاپی کیا گیا ہے ماہنامہ قانون مفرد اعضاء سے

### اجزاء نسخہ

ویزلین اچھی کوالٹی کی **250** گرام. گندھک آملہ سار **40** گرام. کافور کوالٹی نمبر **1** - **15** گرام. سہاگہ بریاں **20** گرام تینوں ادویات کو علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے ویزلین میں مکس کر لیں. بس مرھم تیار ہے

### فوائد

پھوڑے پھیسنیاں. زخم. جلن سردیوں میں انگلیوں کا گلنا. انگلیوں کی خارش. خشک خارش چنبل صرف چند بار لگانے سے مکمل آرام. بناہیں اور اس موسم کے پھوڑوں پر لگاہیں اور فاہدہ اٹھاہیں۔

دعا کیجیے کہ اللہ پاک مجھے آسانیاں تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

حکیم خواجہ محمد نعیم

## مرہم بواسیر

کشتہ بارہ سنگھا

گندھک ہر ایک ۱۰ گرام

کافور ۷ گرام

ویزلین ۵۰ گرام.

ادویات کو باریک پیس کر ویزلین میں مکس کر لیں مرہم تیار

بواسیری مسے اور جلن کے لیے مفید ہے

---

# یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن کی طرف سے



پی ڈی ایف کی تیاری پر اعلیٰ خدمات سر انجام دینے پر

حکیم قیوم خان صاحب کو

تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا جاتا ہے

گروپ علم سنیاس وکشتہ سازی ٹیم کی طرف سے

محترم جناب قبلہ ملک ناصر صاحب

محترم جناب قبلہ حکیم قیوم خان صاحب

کو تعریفی سرٹیفکیٹ ملنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں

**منجانب ایڈمن ٹیم**

## علم سنیاس وکشتہ سازی گروپ

